دوسری چیز میں آر۔ ٹی ۔ اے ۔ کے بارے میں عرض کروں گا ۔ اس کے تعلق سے مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ کچھ کرایہ کی سواریوں پر اس قسم کی پابندیاں عائد کی گئی ہیں ۔ ریجنل گروپس بنائے گئے ہیں اور اس کے تعلق سے اجازت نامے عطا ہوتے ہیں ۔ جہاں تک مال گاڑیوں کا سوال ہے پرمٹ وغیرہ لیئے جا سکتے ہیں ۔ لیکن جہاں تک ٹیکسی سواری گاڑیوں کو ریجنل طور پر پرمٹ دینے کا سوال ہے میں اوس سلسلہ میں وضاحت چاہتا ہوں ۔ جو ڈسٹرکٹ گروپس قائم کئے گئے ہیں وہ غیر موزوں ہیں ۔ مثال کے طور پر نظام آباد کے حد تک اجازت یافتہ جو اضلاع ہیں وہ محبوب نگر ۔ نلگنڈہ ۔ اور دوسرے ضلعے ہیں ۔ حالانکہ اوس کے اطراف کے اضلاع تو کریم نگر ۔ عادل آباد اور ناندیڑ ہیں ۔ جو بھی ٹیکسی سواری جاتی ہے اون ہی اضلاع کو جاتی ہے ۔ مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ اگر کوئی ٹیکسی نظام آباد سے ۲۰ میل کے فاصلہ پر مثلاً نرمل یا کورٹلہ جانا چاہے تو وہ اوس روز نہیں جا سکتی ۔ بلکہ دوسرے روز پرمٹ حاصل کرکے جاسکتی ہے ۔ یہ گروپنگ سسٹم میری سمجھ میں نہیں آیا ۔ پہلے تو یہ سوچنا چاہئے کہ اس طرح ریجنس قائم کرنے کی کیا ضرورت ہے ؟ لیکن اگر ایسا کرنا ضروری ہی ہو تو ریجنس کنٹنجنٹ ایریاز کو ملا کر قائم کرنا چاہئے ۔ آپ نے جو سسٹم قائم کیا ہے اوس کی وجہ سے پبلک بھی تکلیف محسوس کر رہی ہے اور سواری والے بھی محسوس کر رہے ہیں ۔ اس جانب آنریبل منسٹر توجہ کریں ۔ ایک اور چیز کی جانب توجہ دلا کر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ اور وہ ہے آر ۔ ٹی ۔ ڈی کے بارے میں ۔ اس سلسلہ میں بہت سی چیزیں کہی گئیں ۔ میں دو چار چیزیں ہی کہوں گا ۔ فیر (Fair) کے سلسلے میں میں یہ سجیشن دوں گا کہ ہم بھی بمبئی کی طرح یہاں پر ۹ پائی فی میل کرایہ مقرر کرسکتے ہیں ۔ کیونکہ آئندہ ایک سال میں تو او ۔ یس (O.S.) ختم ہونے والا ہے ۔ او ۔ یس ایک آنہ جو لے رہے ہیں اوس کو گھٹا کر بمبئی کی طرح آئی ۔ جی ۹ پائی کردیں تو جو پیچیدگیاں بٹاون سے پیدا ہونے والی ہیں وہ دور ہوسکتی ہیں ۔ اس کے علاوہ فیر میں وجہ سے ٹریفک میں اضافہ ہوگا ۔ یہ جو کہا گیا ہے کہ چونکہ ٹریڈ چینل ڈس اپیر کمی کی (Trade channel disappear) ہوتا جا رہا ہے اس وجہ سے اس میں خسارہ ہو رہا ہے یہ غلط ہے ۔ صحیح بات تو یہ ہے کہ اکنامک ڈپریشن کی وجہ سے میعار زندگی گھٹ رہا ہے ۔ اور لوگ موٹروں میں سواری نہیں کر رہے ہیں ۔ اس لئے

اگر کرایہ کم کیا جائے تو لوگ عام طور پر اس کو پسند کریں گے کہ موٹر میں سوار ہوکر جائیں - اس ڈپارٹمنٹ میں کرپشن اور ان افیشینسی کی وجہ سے جو نقصان ہو رہا ہے اوس کی جانب بھی آنریبل منسٹر کو توجہ کرنی چاہئے - یہ روز مرہ کی شکایت ہے کہ کنڈکٹرس اور بسس کے متعلقہ آدمی پیسہ کھا لیتے ہیں - اور ٹکٹ وغیرہ اجرا نہیں کرتے - اس کو دور کرنے کے لئے ہمیں کوئی نہ کوئی فارمولا نیار کرنا چاہئے یہ دیکھنا چاہئے کہ کرایہ جو دیا جاتا ہے اوس کے ٹکٹس جاری کئے جاتے ہیں یا نہیں اس کی برابر چکنگ ہونا چاہئے - ایک اور چیز مجھے ایوا کوئی پراپرٹی (Evacuee property) کے سلسلہ میں کہنا ہے - لایق علی فارم پر کوئی دا نچ سو مزدور تقریباً پندرہ سال سے کام کرر ہے ہیں - لایق علی کے پاکستان جانے کے بعد وہ فارم ایوا کوئی پراپرٹی ہو گئی ہے - اور ایوا کوئی پراپرٹی کے قانون کے تحت اوس فارم کو سندھیوں اور دوسرے ریفیوجیز (Refagees) میں الاٹ کیا جارہا ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ اس سلسلہ میں حکومت حیدرآباد حکومت ہند سے سفارش کرے کہ اس فارم کو اون پانچ چھ سو مزدوروں کے حوالے کیا جائے جو پندرہ سال سے اس پر کام کرر ہے ہیں وہاں کی اراضی کو ڈولپ (Develope) کئے ہیں - اوس فارم کو کلکٹیو فارم کی شکل دیکر اون لوگوں کو وہاں رکھنا چاہئے تا کہ وہ لوگ بے روزگار نہ بننے پائیں - اگر حکومت حیدرآباد حکومت ہند کو اس سلسلہ میں سفارش کرے کہ اوس کو کلکٹیو فارم کی شکل دی جائے تو مناسب ہوگا - یہ کہکر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मिस्टर स्पीकर सर, दो बातें मैं हाअुसके सामने अर्ज करना चाहता हूं। पहली बात यह है कि जनरल तरीके से जो डिसकशन डिमांडज पर चल रहा है अुसके बारे में तजुर्बे के बाद हम महसूस कर रहे हैं कि कुछ डिपार्टमेंटस पर बहस नहीं हो सकती, मसलन जेल डिपार्टमेंट है अुसके अूपर आज कोअी बहस नहीं हो सकी, अिसी तरह से रिहैबीलिटेशन के मसले पर भी कोअी राय हाअुस के सामने नहीं आ सकी। चंद आनरेबल मेंबरों से मशविरा करने के बाद मेरी यह गुजारिश है कि आज हाअुस का वक्त आठ के बजाय साढे आठ तक बढाया जाय तो मुनासिब होगा।

दूसरी चीज यह है कि दो रोज के तजरुबे के बाद हम यह महसूस कर रहे हैं कि डिमांड वाअिज डिसकशन रखा जाय तो ज्यादा मुनासिब होगा ताकि अहम बहस पर हम फोकस कर सकें। आयंदा के लिये जब डिमांड रखी जायेंगी तब डिमांड वाअिज डिसकशन रखा जाय। लीडर ऑफ दि हाअुस अिसको मानेंगे तो मुनासिब होगा।

مسٹر اسپیکر- بات یہ ہے کہ (۱۲۰) سے زیادہ موشنس فارورڈ کشنس ہیں - اگر انکو ووٹ پر رکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے جو آدھا گھنٹہ بڑھانے کی خواہش کی تھی اس سے بھی زیادہ وقت لگ جائے گا - کیونکہ چھ بجے سے ایک گھنٹہ ہوم منسٹر کو جواب کیلئے دینا پڑیگا - اسکے بعد موشنس کو ووٹ پر رکھا جائے گا - اگر ہر موشن کے لئے آدہ منٹ بھی رکھا جائے گا تو ایک گھنٹہ اس کے لئے بھی لگے گا - دوسری چیز جو آپ نے کہی اوس پر آئندہ جس روز ڈیمانڈس پیش ہونگے اوسدن ضرور کنسیڈر کریں گے -

شری دگمبر راؤ بندو - مسٹر اسپیکر سر - میرے ڈیمانڈس پر جو بہت سے موشنس فار
رڈکشن (Motions for reduction) آئے ہیں اون کے تعلق سے کل اور آج جو
بحث ہوئی میں نے اوسکو کافی غور کے ساتھ سنا - میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ بجز
ایک دو اسپیچیس کے عام طور پر تمام اسپیچیس کا معیار کافی اونچا رہا۔ میں نے یہ بھی
محسوس کیا کہ کئی آنریبل ممبرس نے اس بات کی کوشش کی کہ کچھ کنسٹرکٹیو
سجیشنس (Constructive suggestions) ہاؤز کے سامنے رکھے جائیں چنانچہ
کافی محنت کے بعد انہوں نے کچھ سجیشنس یہاں رکھے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ
ایسی تقریروں سے ہمارے پورے ہاؤز کا اسٹینڈرڈ بڑھتا ہے اور مجھے بڑی مسرت ہوئی -
چنانچہ میں اسکے لئے ہاؤز کو مبارکباد دیتا ہوں - میں اون تمام چھوٹی چھوٹی چیزوں
کا جو کٹ موشن کے ذریعہ پیش کیگئی ہیں الگ الگ جواب دینے کے بجائے یہ مناسب
سمجھتا ہوں کہ میں نے جو ڈیمانڈس پیش کئے ہیں اور ہر ڈیمانڈ کے تعلق سے جو
اسپارٹمنٹ نقاط الگ الگ ممبرں نے یہاں پیش کئے ہیں اونکے بارے میں عرض کروں -
میں نے جو ڈیمانڈ نمبر (۸) پیش کیا ہے وہ موٹر وہیکل ایکٹ (Motor Vehicle Act)
کے تعلق سے ہے - موٹر وہیکل ایکٹ آل انڈیا ایکٹ ہے - اس کے بارے میں سوالات کے
سلسلے میں غالباً کئی مرتبہ میں نے یہ بتایا ہے کہ موٹر وہیکل ایکٹ ایک پرانا
ایکٹ ہے جس میں ترمیم جو ابھی حکومت ہند کے زیرغور ہے - چنانچہ ایک امنڈمنٹ
ایکٹ اس کے تعلق سے پیش کیا جا رہا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ وہ جلد ہی پیش ہوگا۔
اس ایکٹ کے تحت ریجنل ٹرانسپورٹ اتھاریٹیز (Regional Transport Authorities)
اور اسٹیٹ ٹرانسپورٹ اتھاریٹیز (State Transport Authorities) کی باڈیز
بنائی گئی ہیں - خود میں نے بھی یہ محسوس کیا ہے کہ دراصل اس میں کافی ردوبدل
کی ضرورت ہے - لیکن اس وقت میں اس کے بارے میں اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ ریجنل
ٹرانسپورٹ اتھاریٹیز اور اسٹیٹ ٹرانسپورٹ اتھاریٹیز ایکٹ کے خاص پراویژنس کے تحت ہم
مجبور ہیں کہ اسی طرح سے عمل کریں - کئی ممبروں نے کہا کہ ایک ہی راستہ پر کامپیٹیشن
(Compitetion) کرنے کی اجازت دینا چاہئیے اور اس طرح کی آزادی دینا
چاہئے - لیکن اس ایکٹ کی اسپرٹ یہ ہے کہ اس طرح کا کامپیٹیشن زیادہ نہیں ہونا
چاہئے - اس کا یہ مطلب نہیں کہ کسی کو مونا پلی (Monopoly) دیدیجائے
لیکن زیادہ کامپیٹیشن نہیں ہونا چاہئے یہ خیال رکھنا ضروری ہے - دراصل موٹر وہیکل
ایکٹ کو کسی طرح متاثر کیا ہے تو اوس قانون نے کیا ہے جو یہاں تھا - اور جس کے
لحاظ سے آر - ٹی - ڈی - کے مونا پلی ایسے راستوں پر لائی گئی جو کہ نوٹیفائی کئے گئے تھے
عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ کراس کنٹری روڈس (Cross country Roads)
پر بھی عام طور پر پرمٹ دئے جاتے ہیں یہ چیز پبلک کی سہولت کے پیش نظر ضروری
ہے کہ آر-ٹی-ڈی- کی نوٹیفائی راستوں پر جب وہ لوگ آجائیں تو اونکو اس راستے پر سے
گزرنے کی اجازت دیجائے - یہ اجازت چند قواعد اور شرائط کے تابع ہوتی ہے اور اون شرائط
کے تابع ہی اس طرح پرمٹ دئے جاتے ہیں - یہ دیکھا گیا ہے کہ اس کی وجہ سے آر - ٹی - ڈی کی

آمدنی متاثر ہوتی ہے۔ گڈ س و ھیکل (Goods vehicles) کے سلسلے میں آر۔ٹی۔ ڈی۔ پر بحث کرتے ہوئے ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ یا تو گورنمنٹ یہ پالیسی طے کرے کہ پرائیویٹ بسس کو پرمٹ دئے جائیں یا گورنمنٹ خود اپنے طور پر جس طرح پیسنجر بسس چلاتی ہے گڈس کیلئے بھی بسس چلائے۔ لیکن گورنمنٹ نے اس سلسلے میں یہ طے کیا ہے کہ گڈس و ھیکل ہماری طرف سے نہ چلائے جائیں۔ گو بہت سی بسس ہمارے پاس ایسی ہیں۔ لیکن وہ کام میں نہیں لائی جاسکتیں۔ اب یہ سوچا گیا ہے کہ اگر اون کو پاسینجر بسس میں کنورٹ (Convert) کیا جائے تو وہ بھی کام میں آسکتی ہیں۔ اس سلسلے میں یہ بھی کہا گیا کہ چونکہ انسپکٹروں کو پرمٹ دینے یا نہ دینے اور اس کی جانچ کرنے اور رپورٹ دینے کا اختیار ہوتا ہے اس لئے اس میں کافی بدعملی کی گنجائش ہے ایسی شکایتیں آئی ہیں اور میں اس قدر عرض کروں گا کہ جب کبھی کسی انسپکٹر کے بارے میں شکایت آئی میں نے اس کی جانچ کی۔ ایسے کیسس ہیں جن میں انکا تدارک کیا گیا ہے یا سزا دی گئی ہے۔ الکشن کے مد کے لئے بھی میرا ایک ڈیمانڈ تھا۔ اس کے بارے میں بھی کہا گیا ہے۔ میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے اس بارے میں سوال بھی کیا تھا انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ گورنمنٹ آف انڈیا سے جو رقم آئی ہے اوسکے وضع جانے کے بعد پھر اتنے ڈیمانڈ کی ضرورت نہ تھی۔ لیکن میں نے پہلے بھی کہا تھا اور اب بھی یہ وضاحتاً کہہ دینا چاہتا ہوں کہ کم از کم ہمارے بجٹ میں یہ طریقہ رہا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا سے جو رقم آتی ہے وہ کل کی کل ایک طرف جمع کردی جاتی ہے۔ ڈپارٹمنٹ پر کتنا خرچ ہوتا ہے اوسکو علحدہ بتایا جاتا ہے۔ اور گورنمنٹ آف انڈیا سے جو رقم آتی ہے اسکو آمدنی کے مدات میں شامل کیا جاتا ہے۔ اور خرچ پورا پورا اس ڈیمانڈ میں بتایا جاتا ہے۔ میونیسپالٹی کے تعلق سے ایک آنریبل ممبر نے جو کہا اوس سلسلے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ الکٹورل رولس (Electoral Rolls) جو تیار ہوتے ہیں وہ اسی ڈپارٹمنٹ کی جانب سے تیار ہوتے ہیں۔ اس ڈپارٹمنٹ کا بالراست تعلق اگرچیکہ الکشن کمشنر سے ہوتا ہے لیکن اسکو ہماری طرف سے چلایا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں خرچہ وہ بھی برداشت کرتے ہیں۔ ہم بھی برداشت کرتے ہیں۔ جو خرچہ اس مد کے تحت بتلایا گیا ہے وہ عملہ کا خرچہ ہے اور چھپوائی کا خرچہ ہے الکٹورل رولس کی جانچ پڑتال کرنا۔ اوس میں رد وبدل کرنا اور اس کو ٹھیک ٹھاک کرنا یہ بھی اسی ڈپارٹمنٹ کا کام ہے۔ جب کبھی الکشنس ہوتے ہیں اوسکے الکٹورلس رول کی پرنٹنگ وغیرہ کے لئے رقم کی ضرورت ہوتی ہے اس وجہ سے کچھ رقم اس کے لئے رکھی گئی ہے۔ ایک آنریبل ممبر نے اس سلسلے میں یہ بھی پوچھا تھا کہ کیا عنقریب کوئی الکشنس ہونے والے ہیں۔ وہ تو کنٹنجنسیز (Contingencies) پر منحصر ہے۔ لیکن عام طور پر جو خرچہ ہوتا ہے وہ عملہ پر ہوتا ہے اور الکٹورل رولس کی چھپوائی وغیرہ کے لئے ہوتا ہے۔

اس سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے یہ بھی کہا گیا کہ کانگریس پارٹی اور منسٹرس کا عمل یہ ہے کہ وہ اپنی پوزیشن کا جو انہیں حاصل ہے ناجائز استعمال کرتے ہیں اور الکشن پر اثر ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن میرے سامنے جو واقعات ہیں ان کے تحت میں یہ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ منسٹرس اپنی پوزیشن کا ناجائز طور پر اثر ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں - ہاں یہ ضرور ہے کہ جو پوزیشن انہیں اپنی پارٹی کے لیڈر ہونے کی حیثیت سے حاصل ہے وہ زائل نہیں ہوسکتی - یہ صحیح نہیں ہے کہ محض منسٹر بننے سے وہ الکشن پر اثر ڈال سکتے ہیں - یہ بھی کہا گیا کہ منسٹرس سرکاری اخراجات سے الکشن پر اثر ڈالنے کے لئے جاتے ہیں - یہ صحیح نہیں ہے - منسٹر جب الکشن پرپزس (Election purposes) کے لئے جاتے ہیں تو اس کے اخراجات یا تو وہ خود برداشت کرتے ہیں یا ان کی پارٹی برداشت کرتی ہے - اس کی تمیز منسٹر کو ہوتی ہے کہ کون سے اخراجات کا بار سرکار پر عائد ہونا چاہیئے اور کون سے اخراجات کا بار پارٹی یا خود کو برداشت کرنا چاہیئے - جیسا کہ آنریبل ممبرس جانتے ہیں کہ یہاں اور سنٹرل گورنمنٹ میں یہ ہوتا ہے کہ جب کوئی لیڈر الکشن کے مقام پر جاتے ہیں تو ان کا کام ہے کہ اپنی پارٹی کی حمایت کریں - جب وہ وہاں جاتے ہیں تو یہ تو نہیں کہہ سکتے کہ تم دوسری پارٹی کو ووٹ دو - ظاہر ہے کہ وہ اپنی پارٹی کی حمایت میں کچھ کہتے ہوں گے - میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کوئی ایسی بات ہے جو قابل اعتراض ہو.........

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मै आपसे अेक सवाल पूछना चाहता हूं कि अभी सिद्दिपेठ में अिलेक्शन होनेवाला है और हमने सुना है कि डिप्टि मिनिस्टर शंकरदेव साहब अभी वहां जाकर लोगों को अनाज और जमीनात तकसीम करने का काम करनेवाले हैं। यह काम सोशल डिपार्टमेंट की तरफ से किया जानेवाला है सौ अभी अिसी वक्त यह काम क्यों लिया जा रहा है क्या यह फेयर अिलेक्शन है? आपको अेक दो दिन में यह बात देखने को मिलेगी कि वहां पर अनाज और जमीन तकसीम की जायेंगी।

شری دگمبر راؤ بندو - آخر الکشن کے سلسلہ میں یہ تو کہنا ہی پڑیگا کہ گورنمنٹ نے اب تک کیا کیا ہے اور آئندہ کیا کیا کریگی - یہ ضرور کہا جائیگا - .....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अैन अिलेक्शन के वक्त सोशल सर्विस डिपार्टमेंट की तरफ से किस तरह वहां के लोगों को अनाज और जमीन बटाना यह कहांतक ठीक है। अिसका असर वहां की अव्वाम पर क्या होता है ?

श्री. नरेंद्र :—यह अित्तेफाक है।

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—यह अित्तेफाक नहीं है। भोनगीर गढवाल, सिद्धिपेठ आदि के अिलेक्शन में क्या हुवा जरा देखिये वहां भी अिलेक्शन के वक्त ही अिस तरह से अनाज वगैरा बांटा गया। मै कहना चाहता हूं अिसमें कोअी अित्तेफाक नहीं है। अैन अिलेक्शन के वक्त अैसा जानबुझकर किया जाता है।

شریمتی شاھجہاں بیگم (پرگی) لیکن آپ ھی تو جنت بتا تے ھیں۔

شری دگمبرراؤ بندو۔ اپنی پارٹی کی سپورٹ ((Support))کرنا ان کا کام ھے۔

میں چاھتا ھوں کہ مجھے وہ موقع دیں۔.........

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—अैन अिलेक्शन के वक्त जानबूझकर अैसा किया जाता है यह मेरा कहना है ।

شری دگمبر راؤ بندو۔ وہ جو چیز ٹھیک سمجھتے ھیں وہ ضرور کہیں گے۔ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی منسٹر جاکر کچھ اس قسم کا کام کرتے ھیں جو انہیں نہیں کرنا چاھیئے۔ ایسا نہیں ھے۔ اور اگر وہ ایسا کرتے ھیں تو اس کے لئے چارہ کار موجو ھے۔ ٹرائیبیونل (Tribunal) کے سامنے یہ مسئلہ جاسکتا ھے۔ لیکن میں نہیں سمجھتا کہ ھاؤز میں اس طرح یہ ڈیبیٹ (Debate)کا مسئلہ بن سکتا ھے۔ یہ نہیں ھوسکتا۔ محض قیاس آرائی کرکے جو جی چاھے کہدینا درست نہیں ھوسکتا۔ یہ کہنا کہ آئندہ یہ ھونے والا ھے وہ ھونے والا ھے کچھ مناسب بات نہیں ھے۔ اس کے بعد میں جو ڈیشل ڈپارٹمنٹ، جیل اور پولیس کے بارے میں کچھ کہنے سے پہلے دو ایک مدات کے بارے میں کچھ کہوں گا۔ ایواکیو ڈپارٹمنٹ (Evacuee Department) اور ری ھیبیلیٹیشن (Rehabilitation) کے تعلق سے ڈیمانڈ نمبر ۷۰ اور ڈیمانڈ نمبر ۸۰ ھے۔ ایواکیو پراپرٹی کے تعلق سے ایک آنریبل ممبر نے کچھ سجیشن دئے ھیں میں سمجھتا ھوں کہ ڈپارٹمنٹ نے یہ کوشش کی ھے کہ مقامی لوگوں کو جو وھاں کاشت کرتے ھیں زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے اور ان کو زمینات دی جائیں۔ یہ سنٹرل ڈپارٹمنٹ (Central Department)کا سبجکٹ (Subject) ھے اور وھاں سے ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا ھے۔ اگر وھاں سے یہ تصفیہ کیا جائے کہ یہ بیچدینا چاھیئے تو رفیوجیز ((Refugees)) کو بیچ دیا جائے گا اور اگر رفیوجیز خریدنے کے لئے تیار نہ ھوں تو کوآپریٹیوفارمنگ (Co-operative farming) کے تحت دیا جائیگا اور لینڈٹیننسی کے قانون کے تحت عمل کیا جائیگا لیکن اس بات کی ضرور کوشش کی جائیگی جس کی جانب آنریبل ممبر نے اشارہ کیا ھے۔ ری ھیبیلیٹیشن کے تعلق سے ایک آنریبل ممبر نے فرمایا کہ جو طریقہ اختیار کیا گیا ھے وہ زیادہ مفید نہیں ھے۔ اس سے بہتر تو یہ ھوگا کہ ڈسٹرکٹ وائیز (District-wise) کمیٹیاں بنائی جائیں اور یہ کام ان کے تفویض کیا جائے تاکہ وہ لوگ موقع پر جاکر تحقیقات کرکے فیصلہ کرسکیں کہ ناجائز قبضے ھوئے ھیں یا نہیں۔ میں نے خود ملٹری گورنمنٹ کے زمانے میں اس بات کی کوشش کی تھی اور اس کے بعد بھی کہ سرسری تحقیقات کے بعد قبضہ دھانی کے اختیارات کلکٹر کو دئے جائیں۔ میرا خیال تھا کہ اس قسم کا اختیار دینے کے بعد جو فیصلے ھوں گے ان سے جو فریق ناراض ھوگا وہ عدالت دیوانی میں رجوع ھوسکتا ھے۔ لیکن

اس زمانے میں یہ بات نہوسکی اور کانسٹی ٹیوشنل لا (Constitutional law) لاگوھوگیا اور ٹرانسفر آف پراپرٹی ایکٹ بھی لاگرھوگیا ۔ جس طرح ہندوستان کے دوسرے حصوں میں یہ قوانین لاگو ھوےیہاں بھی لاگوھوگئے اس کے بعد ھم کوئی آرڈیننس نکال سکتے تھے اور نہ کوئی ایساقانون بناسکتے تھے جو اس ایکٹ اور ان قوانین کو متاثر کرے اور کوئی ایسافیصلہ کسی ایسے عہدہ دار کی طرف سے نہیں کیا جاسکتا تھاجو جوڈیشل عہدہ دار نہو ۔ کسی عاملہ کے آفیسر کو ایسا اختیار نہیں دیا جاسکتا تھا ۔ جب یہ دقت محسوس کی گئی تو کافی بحث و مباحثہ کے بعد ھم نے مناسب سمجھا کہ ایسے اشخاص کو جنہیں نا جائز طور پر پولیس ایکشن سے پہلے یا پولیس ایکشن کے بعد بیدخل کیا گیا ھے انہیں رلیف (Relief) کے طور پر دو تین طریقوں سے مدد کیجائے ۔ ایک یہ کہ آپسی سمجھوتے کے تحت ایسا کرسکتے ھیں چنانچہ کئی کیسس میں اس طرح کا عمل کیا گیا ھےاور کامیابی ھوئی ھے ۔ قبضہ واپس دلایا گیا ھے ۔ البتہ کچھ ایسے کیسس ھیں کہ جن لوگوں کے قبضے ھوگئے ھیں وہ چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ھیں ۔ اس کے بعد ھم نے مناسب سمجھا کہ ایک ایسے شخص کو جو ان امور سے دلچسپی رکھتا ھے اور تجربہ رکھتا ھے اس کام کے لئے مقرر کیا جائے ۔ چنانچہ ملا عبدالباسط صاحب کو جو ایک زمانے میں مجسٹریٹ تھے اور قانون کے جاننے والے ھیں اسپیشل ایڈوکیٹ (Special Advocate) مقرر کیا گیا ۔ وہ ری ھبیلیٹیشن کے بارے میں بہت کچھ کوشش کرچکے ھیں اور دلچسپی سے ان امور کی جانب متوجہ ھیں ۔ ان مقدمات کے لئے رسوم کی معافی کا بھی فیصلہ کیا گیا ھے ۔ میں اتنا کہہ سکتا ھوں کہ ایسے مقدمات کی تعداد زیادہ نہیں ھے . . .

شری سید حسن (حیدرآباد ۔ سٹی) ۔ کئی ھزار کیسس ھیں ایک صاحب کیسے فیصلہ کرسکتے ھیں ۔

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ میرے سامنے جو کیسس آئے ھیں وہ ھزاروں کی تعداد میں نہیں ھیں ۔ مجھے یہ سنکر تووہ مقولہ یاد آتا ھے جو ایک مرتبہ اکبر یار جنگ بہادر نے کہا تھا ۔ جب اون کے اجلاس پر یہ کہا گیا کہ اس سلسلہ میں ھزاروں نظائر ھیں توانہوں نے جواب دیا کہ ھزاروں نظائر کے دیکھنے کی تو مجھے فرصت نہیں ھے البتہ ایک نظیر دیدیجئے ۔ میں دیکھ لونگا ۔ اسی طرح ھزاروں کیسس ھیں کہنے سے تو کام نہیں چلےگا ۔ تفصیلی طور پر جانچ کرنے کی ضرورت ھوتی ھے ۔ آفیشل اور نان آفیشل لوگوں کے ذریعہ یہ کام عثمان آباد اور بیدر میں کیا گیا ھے ۔ کلکٹروں نے کوشش کی ھے اور جو لوگ اضلاع تعلقے اور دیہات چھوڑکر حیدرآباد چلے آئے ھیں اون کو آر ۔ ٹی ۔ ڈی کی بسس میں اسپیشلی (Specially) لیجا کر ھم نے وھاں پھر سے بسایا ھے ۔ جہاں تک تفصیلی رپورٹس کا تعلق ھے اون کی بنا پر میں کہہ سکتا ھوں کہ اب صرف چند مسائل تصفیہ طلب رہ گئے ھیں ۔ وہ اتنے زیادہ نہیں ھیں کہ ان کی تعداد کو ھزاروں کی تعداد کہا جائے ۔ جہاں تک ملا عبدالباسط صاحب کا تعلق ھے وہ

دلچسپی سے کام کر رہے ہیں - اب چالیس کیسس ان کے پاس ہیں - اس کے باوجود کیسس کی تعداد اور کام کے اعتبار سے حکومت کو اگر یہ معلوم ہو کہ ایک صاحب سے کام نہیں چلے گا اور کسی کو مقرر کرنے کی ضرورت ہے تو یقیناً کسی اور کو بھی مقرر کیا جائے گا - قبضہ دھانیوں کے کام کے ساتھ ساتھ جو دیگر لوگ متاثر ہوے ہیں ، بیوائیں وغیرہ جو پولیس ایکشن کے بعد یا اوس زمانے میں جب کہ گڑ بڑ تھی تو اون کو بیوہ فنڈ کے طور پر امداد دی جا رہی ہے اور یتیم بچوں کی پڑھائی کا انتظام کیا گیا ہے - وکٹوریہ میموریل آرفنج (Victoria Memorial Orphanage) میں ان کو رکھا گیا ہے - اس طرح سے کام کیا جا رہا ہے - یہ دراصل پانچ لاکھ کی جو مد ہے اس میں ڈھائی لاکھ کی منظوری چاہی گئی ہے - اس کی وضاحت میں نے پہلے بھی کی ہے اور اب بھی کہتا ہوں کہ چھ مہینے کی حد تک یہ رقم مانگی گئی ہے - گورنمنٹ آف انڈیا سے جو نئی منظوری آئے گی تو اوس رقم کو لیں گے - اگر اس طرح ڈیمانڈ پیش نہ کیا جاتا تو رقم لیاپس (Lapse) ہو جاتی - یہ پوری رقم اس کام کے لئے خرچ ہوگی -

اس کے بعد ایک چھوٹی سی مد ہے جو معلوم ہوتا ہے کہ اکس کریمنل ٹرائیبس (Ex-criminal Tribes) کے بارے میں ہے - یہ ۵۵ ہزار کی مد ہے - اب تک جو خرچہ ہوا ہے یہ اوس سے کم ہے - اب جو خرچہ ہوگا وہ صرف نگرانی کی حد تک ہوگا - لنگال سٹلمنٹ کریمنل کالونی (Lingal Settlement criminal colony) کا اس طرح انتظام کیا گیا تھا کہ وہ پولیس کی نگرانی میں رہیں - وہاں کے قبائلیوں کو تعلیم دینے اور اون کو روزگار کے حاصل کرنے کے طریقے بتانے کے لئے ایک چھوٹا سا عملہ رکھا گیا تھا - اب یہ زیر غور ہے کہ اس کو سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے تفویض کرنا چاہئے - جس طرح کویا جاتی کے لئے کیا گیا ہے - اسی طرح لنگال میں بھی یہ کوشش کی گئی ہے - جب یہ تصفیہ ہوجائے تو اس مد کے تحت جو رقم رکھی گئی ہے وہ سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے تحت منتقل کردی جائے گی -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :— यह जो ५५ हजार रुपये अेक्स क्रिमिनल ट्राअिब्ज के लिये मांगे जा-रहे हैं उसमे कुछ काम अबतक हुवा है या नहीं ? अब जिसे आप सोश्ल सर्विसेस डिपार्टमेंट में जम करना चाहते हैं तो जिससे पहले जिसके लिये क्या काम हुवा है यह मैं जानना चाहता हूं।

شری ڈگمبر راؤ بندو - اس کی منظوری کے بعد سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ ان کی تعلیم وغیرہ کے سلسلہ میں کام کرے گا - اب بھی روپ میکنگ (Rope making) میاٹ میکنگ (Mat making) وغیرہ کا کام ان کو سکھایا جاتا ہے -

شری کے-وینکٹ رام راؤ - کریمنل ٹرائیبس ایکٹ (Criminal Tribes Act) منسوخ ہونے کے بعد اس کی کیا ضرورت ہے -؟

شری ڈگمبر راؤ بندو - وہ ختم ہوگیا ہے لیکن اوس سے بالکل علحدہ اسپرٹ
(Spirit) میں ہیبی چوول افینڈرس بل (Habitual Offenders Bill)
اس هاؤز کے سامنے آچکا ہے جو اب سلکٹ کمیٹی میں ہے - وہ آج کل میں یہاں آجائےگا -
اوس کے تحت بھی اس کی گنجائش ہے کہ ایسے لوگوں کو جو لنگال میں ہیں، گو وہ
اکس کریمنل ٹرائبس کے افراد ہوں، ہیبی چوول افنڈرس کہنا درست نہیں ہے۔ اب
سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ کے تحت جس طرح کویا لوگوں کے لئے کام کیا جاتا ہے اوسی
طرح یہ کام بھی ہوگا - میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو خیال ہے بہت مناسب ہے -

آر-ٹی-ڈی- کے تعلق سے دو ڈیمانڈس ہیں- ایک ڈیمانڈ نمبر ۶۱ اور دوسرا ڈیمانڈ
نمبر ۹۳ - ڈیمانڈ نمبر ۹۳ چھتیس لاکھ دو هزار کیپیٹل اکسپنڈیچر کیلئے ہے - آنریبل
ممبرس بجٹ کا تفصیلی معائنہ کئے ہونگے تو انہیں معلوم ہوا ہوگا کہ ریوینیوارننگس
(Revenue earnings) میں سے ہم نے اس کیلئے کوئی زیادہ رقم پرووائیڈ
نہیں کی ہے جو ہمارے اخراجات سے بڑھکر ہو - صرف کیپیٹل اکسپنڈیچر کے طور پر یہ
رقم بتلائی گئی ہے - اس میں وہ تمام اسکیمس ہیں جن کے تحت بسس میں اضافہ ہونا ہے
شلٹرس (Shelters) بنائے جاتے ہیں، پبلک ایمینیٹیز (Public amenities)
پرووائیڈ کئے جاتے ہیں انکے لئے گنجائش نکالی گئی ہے - پہلے ہی اس پر توجہ کیجانی
ضروری تھی - بس شلٹرس اور دوسرے ایمینیٹیز کیلئے خرچہ کیا گیا ہے - لیکن حالات
کے لحاظ سے زیادہ توجہ نہیں ہو سکی یہ شکایت عام طور پر رہتی ہے کہ ریوینیو
انکم کے جو مدات ہیں اور جن سے کافی آمدنی ہوتی ہےان میں لیبر کوبھی کچھ حصہ
ملنا چاہئے- فطرتاً یہ ضرور خواهش رہتی ہے-لیکن گورنمنٹ کا یہ نظریہ رہتا ہے کہ
جو ریوینیوارننگ ڈپارٹمنٹس ہیں ان میں بونس دینا یا لیبر کو بھی حصہ‌دار بنانے کا کوئی
طریقہ نہیں ہوسکتا - ہاں جو سہولتیں دیگر ڈپارٹمنٹ کے لوگوں اور گورنمنٹ سرونٹس
کو دی جاتی ہیں وهی سہولتیں آر - ٹی - ڈی - کو بھی ضرور دیجائینگی - اسلئے ایسا کوئی
ڈیمانڈ مناسب نہیں- کچھ مطالبات ٹرائیبونل کے حوالے کئے گئے ہیں اور اپیلیٹ کورٹ میں
ہیں- اور زیرتصفیہ ہیں کچھ ایسی چیزیں ہیں جنکے بارےمیں آر-ٹی-ڈی-لیبرس یونین کے
لیڈرس کے متفق ہونے پر کچھ راستہ نکالا گیا ہے- اس کا ذکر میں نے اس سے پہلے کیا ہے-
اس سلسلے میں بھی کچھ ہورہا ہے- میں امید کرتا ہوں کہ اس کا کچھ نہ کچھ
راستہ نکل آئیگا- لیبر یونین کی جو مانگیں تھیں حکومت نے انہیں دو مرتبہ تسلیم کرلیا -
کچھ تو ہماری گورنمنٹ بننے کےفوراً بعد ہی منظور کیگئی- اور اسٹرائیک کے بعد کچھ
مانگوں کا تصفیہ ہوا- اس کی وجہ سے بھی کافی رقم کابوجھ ڈپارٹمنٹ پر پڑا - اسکے
ساتھ حال ہی میں کچھ تجویزیں مان لی گیئں - ظاہر ہے کہ ہمارا جو گراس ارننگ
(Gross earning) ہے اس میں کوئی خاص کمی تو نہیں ہوئی ہے - لیکن
نٹ انکم میں جو کمی دکھائی دیتی ہے اس سلسلے میں دوسرے شعبے بھی ہیں ان میں
ایک یہ بھی ہے کہ ہمارے اخراجات بڑھ گئے ہیں - کیونکہ اب اورٹائم (Overtime)
بھی دیاجاتا ہے-فیکٹری ایکٹ لاگو ہو چکا ہے اس کی وجہ سے کام کے گھنٹوں کا تعین

ہوچکا ہے۔ اس سے بڑھکر کوئی کام نہیں ہوسکتا۔ اگر کوئی کرنا ہے تو اسکو اور ٹائم دینا پڑتا ہے ۔ اس طرح جو چیزیں ہوئی ہیں ان کی وجہ سے خرچہ بڑھنا لازمی ہے ۔ یہ بھی ایک سبب ہے جسکی وجہ سے ہم دیکھتے ہیں کہ ارننگس میں کچھ کمی ہوئی ہے ۔ اس میں بھی صداقت ہے۔ انفرنجمنٹ (Enfringement) دونوں طریقوں سے ہوتا ہے ۔ پاسنجرس تو اوورلوڈ(Over load) ہوتے ہیں ۔ محض اس خیال سے کہ ریٹ زیادہ ہونے کی وجہ سے آمدنی کم ہورہی ہے یہ تصور صحیح نہوگا ۔ دوسری طرف یہ کہنا بھی اس قدر صحیح نہیں ہے کہ سلمپ(Slump) کی وجہ سے ایسا ہورہا ہے۔ ہاں اس کی وجہ سے کسی قدر آمدنی متاثر ہوئی ہے کیونکہ میں نے فیگرس دئیے تھے کہ سلمپ کی وجہ سے یو۔ پی اور دوسرے اسٹیٹس میں کیا اثر ہوا ۔ اور خود ریلوے میں کیا ہورہا ہے ۔ وہ فیگرس دیکھنے کے بعد یہ سمجھ سکتے ہیں کہ اس کا کیا اثر ہورہا ہے ۔ لیکن یہ کہنا صحیح نہیں کہ صرف اسی سبب کی وجہ سے اثر پڑرہا ہے ۔ باوجود اس کے کہ بسس اوور لوڈ ہوتے ہیں آمدنی کم ہوتی ہے ۔ ایسی صورتؔ میں یہ سمجھنے کی کافی گنجائش ہے کہ اس میں کافی لوپ ہولس (Loopholes) ہیں۔ جسکی وجہ سے جو پیسہ گورنمنٹ کی ٹریژری میں آنا چاہئے وہ دوسروں کے جیب میں چلاجارہا ہے یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جنکی طرف ڈپارٹمنٹ متوجہ ہے اور حال ہی میں ہمنے اس کے لئے ایک بورڈ بھی کانسٹیٹیوٹ (Constitute) کیا ہے ۔ وہ بورڈ ان تمام مسائل کے تعلق سے سوچ رہا ہے کہ کیا کیا جاسکتا ہے۔ اور آئندہ آر۔ٹی۔ڈی۔ کو کس طرح چلایا جائے انریبل ممبرس نے جو سجیشنس دئے ہیں ان پر ہمدردانہ غور کیا جا سکتا ہے ۔

ایک چیز یہ کہی گئی کہ اگر ریٹ میں کمی کردی جائے تو ہماری آمدنی ممکن ہے بڑھ جائے گی ۔ اوسکو ورک اوٹ (Warkout) کر کے دیکھا گیا اب آئی جی کرنسی میں فی میل ۳ ء ۱۰ پائی ریٹ ہے ۔ بمبئی میں ۹ پائی آئی ۔ جی فی میل لیا جاتا ہے ۔ یہ ورک اوٹ کیا گیا کہ ہم بھی وہی ریٹ لیں تو کیا ہوگا ۔ معلوم ہوا ہے کہ اس سے سالانہ ۳۶ لاکھ روپئے کی کمی ہوگی ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اب ہم جو پرافٹ لے رہے ہیں وہ بالکل ختم ہوجائے گا ۔ اور آر۔ٹی۔ڈی کو نقصان میں چلانا پڑے گا ۔ یہ حساب کر کے دیکھا گیا ۔ پھر بھی میں ہاؤز کو یہ اطمینان دلانا چاہتا ہوں آر۔ ٹی ۔ ڈی لاس میں نہ چلے بلکہ کم از کم اوسکی آمدنی اور خرچ برابر ہوں اسکا لحاظ کرتے ہوئے پبلک کے فائدہ کیلئے جو بھی کیا جا سکتا ہے اسپر ضرور غور کیا جائے گا ۔ مجھے یہ بھی پتہ چلا کہ بمبئی میں جہاں ۹ پائی فی میل کرایہ لیا جا تا ہے وہاں بھی اسپر غور کیا جا رہا ہے کہ اس کو بڑھا کر ۱۰ پائی فی میل کرنا چاہئے کیونکہ اس شرح کے رکھنے سے نقصان ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اسپر کافی احتیاط کے ساتھ غور کرنے کی ضرورت ہے ۔ اگر اس میں جسٹیفیکیشن (Justification) ہو کہ واقعی کمی کیجانی چاہئے تو ضرور اس پر غور کیا جا سکتا ہے ۔

اب میں ان ڈیمانڈس کی طرف آتا ہوں جن کے متعلق جیسا کہ میں نے کہا انہیں ایک ایک گروپ سمجھنا چاہئے ۔ جیل ڈپارٹمنٹ اور جوڈیشل ڈپارٹمنٹ ۔ جوڈیشیل ڈپارٹمنٹ کے بارے میں آنریبل ممبرس کا اور خود میرا بھی یہ خیال ہے کہ جوڈیشری ، ڈیموکریسی کی بیک بون (Back bone) ہے ۔ اور جہاں جوڈیشیل ڈپارٹمنٹ ایفیشینٹ ہو اور لوگوں کو اس پر اعتماد ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ وہاں ڈیموکریسی کے پنپنے کی کافی امید ہے ۔ یہ عام طور پر سمجھا جاتا ہے ۔ اسٹانڈرڈ کے بارے میں کہا گیا ۔ یہ واقعہ ہے کہ ہم جس دور سے گذر رہے ہیں اس کے لحاظ سے لوگوں میں جو معیار پیدا ہو جانا چاہئے تھا اس میں کمی ہے پھر بھی میں یہ نہیں سمجھ سکتا کہ اسٹینڈرڈ بالکل ہی گرا ہوا ہے حال ہی میں چیف جسٹس حیدرآباد نے تفصیلی دورہ کرکے منصفیوں کا معائنہ کیا۔ اور پورے حالات دیکھنے کے بعد وہ جس نتیجہ پر پہنچے اس کے لحاظ سے انہوں نے سجیشن تیار کئے ہیں ۔ اون میں سے کئی سجیشن پر عمل بھی ہورہا ہے ۔ انہوں نے پہلی بات یہ کہی کہ محض جوڈیشیل آفیسرس ہی نہیں بلکہ ہمارے پاس کے لائرس (Lawyers) اور قانون کا پیشہ کرنے والوں کا اسٹینڈرڈ جب تک نہ بڑھیگا عدالتوں کا اسٹینڈرڈ بھی بڑھنا مشکل ہے ۔ اس لئے انہوں نے بارہا اصرار کیا کہ جب تک انگریزی میں کام نہو لوگوں کو رغبت پیدا نہیں ہوسکتی۔ ان لوگوں کو انگریزی بات کرنا نہ بھی آئے توکم از کم وہ اس قابل تو ہو جائیں کہ آئندہ پیروی تو کرلے سکیں ۔ اور کچھ سمجھ تو لیں ۔ وہ یہ سمجھ لیں کہ لا رپورٹ میں کیا لکھا ہے۔ سپریم کورٹ یا دوسرے ہائیکورٹس کے کیا ججمنٹس (Judgments) ہیں انہیں معلوم ہونا چاہئے ۔ کیونکہ اس کا کرنٹ لٹریچر (Current literature) جو کچھ بھی ہے وہ انگریزی ہی میں ہے ۔ آج کوئی دوسری زبان ایسی نہیں ہے جس میں پورا لٹریچر ہو۔ ہمارے پاس عدالتوں میں آئین دکن یا دکن لا رپورٹ یا جو کچھ بھی ہیں وہ پرانے اصولوں پر ہیں ۔ وکلاء صاحبان اور ججس اتنا اسٹینڈرڈ تو رکھیں کہ انگریزی میں جو ججمنٹس آتے ہیں انہیں سمجھ جائیں ۔ کرنٹ ججمنٹس کیا ہیں ؟ کس مسئلہ پر سپریم کورٹ نے کیا کیا ہے ؟ امتحان وہ انگریزی میں پاس کریں یا نہ کریں یہ الگ بات ہے ۔ لیکن ان کا معیار اتنا بلند ہونا چاہئے کہ یہ چیزیں سمجھ سکیں ۔ اور اگر معیار اتنا بلند نہو تو یہ عدالتوں پر اثر کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ وکلاء جب بحث کی تیاری کر کے آتے ہیں تو اس کا اثر لازماً عدالتوں پر پڑتا ہے ۔ وہ سمجھتے ہیں کہ کیا مسائل ہیں اور کس طرح ان کا فیصلہ کرنا چاہئے ۔ اگر مباحث ہی پیدا نہوں تو ظاہر ہے کہ کوئی ایسا فیصلہ جس کو اسٹینڈرڈ سمجھ سکیں ، نہیں ہو سکتا ۔ یہ باتیں ایک دوسرے پر اثر کرنے والی ہیں ۔ لائرس کا بھی اسٹینڈرڈ بڑھانے کی ضرورت ہے۔ امتحان کی حد تک چیف جسٹس نے ایک دو گروپس میں ناکام رہنے والوں سے متعلق جو طے کیا ہے اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ ان لوگوں کو فائدہ نہ پہنچے ۔ لیکن انہیں کم ازکم اتنی انگریزی تو آجائے کہ کرنٹ لٹریچر سے وہ واقف ہوسکیں ۔

جب تک یہ نہ معلوم ہو ہمارا اسٹینڈرڈ نہ بڑھ سکے گا۔ قانونی کتابوں کی فراہمی کے سلسلے میں اسٹینڈرڈ کمنٹریز (Standard commentaries) لارپورٹ وغیرہ کے لئے ہم نے راستہ نکالا ہے۔ اورکچھ مد اس کے لئے رکھا گیا ہے جس سے ہر عدالت میں قانونی کتب خریدی جا سکتی ہیں۔ چیف جسٹس نے ۳۳ عدالتوں کی ایک فہرست بنائی ہے جہاں عدالتوں کے مکانوں کا یہ حال ہے کہ جج چھتری لیکر بیٹھتے ہیں کیونکہ ان پر بھی اوپر سے پانی ٹپکتا ہے۔ یہ ایسا مسئلہ ہے۔ جسکا تعلق مالیات سے ہے اور اس کے لئے ہمیں کوئی نہ کوئی راستہ نکالنا پڑتا ہے۔ گورنمنٹ نے یہ سوچتے ہوئے ایسی ے عدالتوں کو، جہاں بیٹھنا بھی ناممکن تھا، تعمیر کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ اس سال یہ انتظام ہوجائے گا۔

طلبانہ وغیرہ جیسے امور سے متعلق کچھ باتیں کہی گئیں۔ اس سے بڑھکر میں یہ کہتا ہوں کہ گواہوں کے بارے میں بھی پوچھا جاسکتا ہے۔ حالات اتنے بدلے ہوئے ہیں کہ ہم کو پھر سے تمام چیزوں پر نظرثانی کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو گورنمنٹ آف انڈیا کے زیر غور ہے۔ میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے کریمنل پروسیجر کوڈ کے سلسلہ میں اور دوسرے جوڈیشل پروسیجرس کے سلسلہ میں حکومت ہند کے پاس اس طرح کی یوجنا ہے۔ ہوم منسٹر کی جانب سے اس طرح کہا گیا ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ جلد ہی پروسیجرس میں بھی تبدیلی ہو جائیگی جس کی وجہ سے جو جو پیچیدگیاں معلوم ہوتی ہیں وہ رفع ہوسکتی ہیں۔ اس وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں جوڈیشل ڈپارٹمنٹ کے تعلق سے مایوس ہونے کی وجہ نہیں ہے۔ ہمارے پاس آج کم ازکم ایسے لوگ ہیں جن پر کافی بھروسہ ہونا چاہیئے۔ وہ مستعد ہیں۔ سمجھدار ہیں اور حیدرآباد کے جوڈیشل ڈپارٹمنٹ کی ترقی ان کے پیش نظر ہے۔

ایک بات جو مجسٹریٹس کے تعلق سے کہی گئی اور میں بھی اس میں صداقت دیکھتا ہوں۔ وہ یہ کہ جب ان کے سامنے کوئی واقعہ آتا ہے تو خود ان کو انیشیٹو (Initiative) لینا چاہیئے۔ یہ بات نہیں ہوتی۔ مجسٹریٹ کو ایسے اختیارات ہیں۔ پروسیجر کوڈ میں ہیں۔ میرا تجربہ ہے کسی جگہ ایسا ذکر آیا تو تذکرتاً میں نے کہا کہ یہ بات ہے۔ آپ کو اختیار ہے اور آپ ایسا کرسکتے ہیں تو انہوں نے یہ کارروائی شروع کردی مجسٹریٹ کو جو کریمنل کوڈ کے تحت اختیارات ہیں ان کو پبلک کے مفاد کے لئے استعمال کرنا چاہیئے ورنہ پہلے زمانہ میں یہ رجحان تھا کہ جو چالانی مقدمات ہوتے ہیں ان میں لازمی طور پر سزا ہونی چاہیئے۔ اور کوئی استغاثہ کا مقدمہ ہو تو وہ خارج ہونا چاہیئے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا تھا کہ جو لوگ استغاثہ داخل کئے ہیں وہ کامیاب ہوں گے۔ بہرحال مجسٹریٹس کو میں نے اس بارے میں توجہ دلائی ہے کہ مجسٹریٹ کو اپنی یہ ذمہ داریاں سمجھنا چاہیئے جو مقدمات استغاثہ کے ہوتے ہیں یا معمولی مقدمات ضرروغیرہ کے ہیں ان میں اگر کوئی

سچائی معلوم هو تو کڑی سے کڑی سزا دیجانا ضروری ہے - کیونکہ اگر مجسٹریٹ اس طرف رجوع نہوں تو ظاهر ہے کہ پبلک موریل (Public morale) پر بھی اس کا برا اثر پڑتا ہے -

شری عبدالرحمن (سلک پیٹھ) - عدالتوں کی زبان کے تعلق سے حکومت کی کیا پالیسی ہے ؟

شری دگمبر راؤ بندو - معاف کیجئیے - میں کہنے والا هی تھا - زبان کے تعلق سے کچھ غلط فہمی هوئی ہے - جیسا کہ میں نے کہا معیار اونچا کرنے کے لئے ہمارے چیف جسٹس کا یہ رجحان ہے کہ لائرس کو انگریزی جاننا چاهیئے اور جوڈیشل افیسرس کے لئے تو یہ لازمی ہے کہ انگلش میں فیصلے لکھیں - بیانات لینے کے سلسلے میں اڑوس پڑوس کے اسٹیٹس میں جو عمل هوتا ہے ایسا عمل یہاں نہیں هوتا - در اصل یہ پروسیجر هونا چاهیئے کہ گواہ جس زبان میں بولتا ہے اسی زبان میں بیان قلمبند کیا جائے تب هی همکو اصلیت معلوم هوسکتی ہے - اس کا ایک ڈبل ریکارڈ اس طرح تیار هونا چاهیئے کہ ایک تو گواہ کی لینگویج میں هو اور دوسرے انگلش میں هو کیونکہ پریسائیڈنگ آفیسر (Presiding officer) انگریزی سمجھتا ہے - دوسرے سررشتہ دار، پیشی کا اهلکار یا ٹرانسلیٹر هوگا وہ اس زبان میں بیان قلمبند کریگا جس زبان میں کہ گواہ بولتا ہے - هائیکورٹ سے اس بارے میں کافی مراسلت کے بعد یہ مان لیا گیا ہے کہ پبلک انٹرسٹ کس میں ہے گواہ کو بھی یہ معلوم هونا چاهیئے کہ میں نے جو بیان دیا وہ ٹھیک ہے کیونکہ آخر میں تو یہ لکھا جاتا ہے کہ "گواہ نے بیان سنکر صحت تسلیم کی"- ظاهر ہے کہ اسی لینگویج میں یہ بیان لکھا جانا چاهیئے - اس حد تک غور کیا گیا اور یہ طے کیا گیا کہ جہاں پر جو لینگویج بولی جاتی ہے اس میں بیان قلمبند کرنا چاهیئے - اس کی ڈبل انٹری (Double entry) هو البتہ پریسائڈنگ آفیسر بیان کو انگلش میں نوٹ کرسکتا ہے - لیکن جو اصل بیان هوتا ہے وہ اسی زبان میں قلمبند هونا چاهیئے اس میں ایک دقت یہ ہے کہ هرجگہ هر لینگویج کا انتظام تو نہیں هوسکتا - اس وجہ سے یہ سمجھا گیا کہ جس ایریا میں جو کورٹ کام کرتا ہے اسی لحاظ سے یہ عمل هونا چاهیئے - تب کورٹس کے لحاظ سے غور کیا گیا - فرض کیجئیے کہ ریلوے مجسٹریٹ کا کورٹ ہے یا حیدرآباد کا کوئی کورٹ ہے یا اسپیشل مجسٹریٹ کا کورٹ ہے جہاں پر ریاست بھر کے مقدمے آتے هیں تو وهاں پر کونسی لینگویجس رکھی جائیں ؟ تو وهاں کے لئے سب لینگویجس رکھی گئی هیں جیسے هندی ہے - اردو ہے تلگو - مرهٹی اور کنڑی هیں - ریلوے مجسٹریٹ کے پاس ان سب لینگویجس کا انتظام هوگا - حیدرآباد میں خاصکر اردو هندی اور تلگو کا انتظام هوگا - تو ایسی کوئی خاص تشویش نہ هونا چاهیئے جس کی وجہ سے یہ خیال پیدا هوجائے کہ کسی لینگویج کو دبانے کی کوشش هورهی ہے - اس میں لینگوسٹک پراونسس (Linguistic provinces) کا کوئی مسئلہ نہیں ہے بلکہ ولیجس اور

تلعقوں کے لحاظ سے جہاں پر جو زبانیں بولی جاتی ہیں ان کا انتظام کیا گیا ہے - چنانچہ ضلع ناندیڑ میں ایک تعلقہ ایسا ہے کہ جہاں پر تین زبانیں بولی جاتی ہیں تو وہاں ان کا انتظام کیا گیا ہے - اس کا پریس نوٹ عنقریب ہی شائع ہونے والا ہے -

شری شرن گوڑہ انعامدار (اندولہ - جیورگی) - ضلع گلبرگہ تعلقہ سیڑم اور النڈ میں کنڑی کا انتظام ہے - میں نہیں سمجھتا کہ النڈ اور سیڑم میں کنڑی بولنے والے ہیں -

شری دگمبر راؤ بندو - دونوں انتظامات ہیں تا کہ کسی کو یہ احساس نہو - النڈ میں کنڑی میں انتظام رکھا گیا ہے اور فیگرس دیکھکر ہی رکھا گیا ہے - معلوم یہ ہوا کہ سنہ ۱۹۰۱ع کے سنسس کے لحاظ سے ہائیکورٹ نے ایسا عمل کیا - لیکن جب ہائیکورٹ کو توجہ دلائی گئی تو ہائیکورٹ اور حکومت کے ارکان نے بیٹھکر غور و خوض کیا اس امر کے پیش نظر کہ لنگوسٹنک پریفرنس دینا نہیں ہے بلکہ عوام کو سہولت دینا ہے اس لحاظ سے جہاں پر دو لینگویجس بولی جاتی ہیں وہاں دو کا انتظام کیا گیا اور جہاں تین بولی جاتی ہیں وہاں تین کا انتظام کیا گیا - اس طرح سے . . . .

श्री व्ही. डी देशपांडे :— किसी लैंग्वेज को रेकगनाअिज करने के लिये क्या परसेंटेज रखा गया है ?

شری دگمبر راؤ بندو - عام طور پر یہ خیال رکھا گیا ہے کہ کم سے کم ۳۰ پرسنٹ تک کسی لینگویج کے جاننے والوں کی آبادی ہوگی تو اس کا بھی لحاظ کیا جائے - لیکن بعض جگہ کچھ ایسا ہوتا ہے کہ ایک دو ہی مواضعات ہیں جیسا کہ آنریبل ممبر نے سمجھایا تھا انہیں کسی اور تعلقہ سے متعلق کردیں تو کوئی دقت نہوگی - اس تعلق سے آنریبل ممبرس کو تشویش کی ضرورت نہیں ہے -

श्रीमती आशाताअी वाघमारे :— किनवट, माणिकगड, राजूरा येथे मराठी सुरुं केले आहे काय ?

श्री दिगंबर राव बिंद्रु :— कोठे ?

श्रीमती आशाताअी वाघमारे :— किनवट व माणिकगड राजूरा येथे मराठी सुरूं केले आहे काय ?

شری دگمبر راؤ بندو - کنوٹ اور راجیورہ دونوں میں مرہٹی ہے - البتہ بوتھ جو بائی لنگویل (Bi-lingual) ہے وہاں انتظام نہیں کیا گیا ہے کیونکہ ایسا انتظام نہیں کیا جا سکتا تھا - لیکن ہمارے سامنے یہ چیز تھی کہ پبلک کا مفاد ملحوظ رہے اور جیسا کہ میں نے کہا جہاں دو لینگویجس ہیں وہاں عموماً دونوں لینگویجس کا انتظام کیا گیا ہے - حیدرآباد میں تو ہندی - اردو - تلگو - مرہٹی - کنڑی پانچوں زبانوں کا انتظام کیا گیا ہے -

شری کٹا رام ریڈی - کیا یکم اپریل سے اس پر عمل ہوگا ؟

شری د گمبر راؤ بندو - ہاں وہ نوٹیفیکیشن آجائے گا - میں سمجھتا ہوں کہ جوڈیشل ڈپارٹمنٹ کے تعلق سے ایک اہم چیز رہ گئی تھی جس کی یاد دہی کے لئے میں آنریبل ممبر کا مشکور ہوں -

شری عبدالرحمن - میں اس سلسلہ میں مبارکباد بھی دیتا ہوں کہ حکومت اس ضمن میں بہت اچھی پالیسی اختیار کر رہی ہے -

شری د گمبر راؤ بندو - اس کے بعد جیل ڈپارٹمنٹ کے تعلق سے یہاں کچھ کہا گیا ہے . . .

شری شرن گوڑہ - میرا ایک کانسٹیٹیوشنل آبجکشن (Constitutional objection) ہے - ہائی کورٹ کے اخراجات ۱۰ لاکھ ۷۰ ہزار روپیہ بتلائے گئے ہیں - سالریز کے بارے میں چارجڈ اکاؤنٹ (Charged account) ہوسکتا ہے لیکن دوسرے اخراجات کے متعلق میرا اعتراض تھا کہ ان پر ووٹ نہیں دیا جاسکتا -

شری د گمبر راؤ بندو - وہ ووٹیبل (Votable) ہے - اور اسی لحاظ سے ان پر کٹ موشنس بھی آئے ہیں -

श्री व्ही. डी. देशपांडे :— अुनका कहना है कि सिर्फ चीफ जस्टिस और अुनके आमले तक ही चार्ज्ड होना चाहिये लेकिन यहां अुनके बाकी अेक्सपेंडीचर को भी चार्ज्ड बताया गया है यानी कुल हायकोर्ट का खर्च चार्ज्ड बताया गया है वैसा नहीं होना चाहिये था। अिसके लिये दो हिस्से बनाने चाहिये।

شری د گمبر راؤ بندو - ایسا نہیں ہے بلکہ ہائی کورٹ جو ہوتا ہے اس کا ایک خاص پوزیشن رکھا گیا ہے اور پورے جوڈیشل ڈپارٹمنٹ پر اڈمنسٹریشن اور فینانس کے نقطہ نظر سے ہمارا کنٹرول ہے - دوسری ماتحت عدالتوں پر اڈمنسٹریٹیو کنٹرول ہے - ہائی کورٹ ججس بھی جب مقرر ہوتے ہیں انہیں سپریم کورٹ کے مشورہ سے پریسیڈنٹ مقرر کرتے ہیں اور اس پر راج پرمکھ کی بھی رائے لی جاتی ہے - اس کا مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ کی رائے لی جاتی ہے - کانسٹیٹیوشن کے تحت ہائی کورٹ سپریم کورٹ کے تحت سمجھے جاتے ہیں - دوسری جو عدالتیں ہیں ان کے تعلق سے ہاؤز کے سامنے ڈیمانڈس رکھے جاتے ہیں - کیونکہ فینانس بھی ہمارے پاس سے ہی جاتا ہے - چونکہ آل انڈیا اسکیم کے تحت اس طرح کا عمل ہوا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ ٹھیک ہی ہوا ہے -

جیل ڈپارٹمنٹ کے تعلق سے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کچھ چیزیں ایسی کہی گئی ہیں کہ جس کے بارے میں کم از کم آنریبل ممبرس آف دی ہاؤز کو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی شکایت نہ ہونی چاہئے تھی - میں یہ دیکھتا ہوں کہ جو اصلاحی چیزیں جیل میں کی گئی ہیں ان سے فائدہ ہوا ہے - ممکن ہے کچھ تلخ تجربے ان دنوں کے پہلے کے ہوں گے اور ابھی ان کا اثر ذہنوں پر ہو - لیکن میں دعوت دیتا ہوں کہ وہ جیل جائیں - لیکن برے معنوں میں نہیں . . . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :— क्या व्हिजीटर के तौर पर नहीं रखा जा सकता ? अिसके लिये सिर्फ जल ही जाना पडेगा ?

(Laughter)

شری دگمبر راؤ بندو - آپ دونوں طریقوں سے جا سکتے ھیں - آپ قریب سے دیکھنا چاھتے ھیں تو جیل جا کر بھی دیکھ سکتے ھیں - (Laughter) اس کا موقع مل سکتا ھے - لیکن مجھے یقین ھے کہ آنریبل ممبر پھرسے جائیں ، چاھے کسی حیثیت سے جائیں تو ان کو یقیناً فرق نظر آئے گا اس کے بعد وہ مطمئن ھو جائیں گے کہ کم ازکم ھم نے کچھ قدم ترقی کی طرف اٹھایا ھے اور جو ایمینیٹیز دئے گئے ھیں اس کے متعلق میں نے الگ الگ اوقات میں قیدیوں سے بات چیت کر کے بھی پوچھ لیا ھے - حال ھی میں اگریکاچرل فارم کھولا گیا وھاں پر بھی کوئی ۴۰۰ ایسے لوگ ھیں جنہیں لائف سنٹنس (Life sentence) ملا ھے یا کافی بڑی مدت کی سزا میں لاک اپ (Lockup) ھیں اون کے متعلق یہ جانچ کرنے کے بعد کہ وہ بھاگ نہ جائیں گے اون کے لئے وھاں بیارکس کا انتظام کر کے کھیت کے کام پر لگایا گیا ھے - انھوں نے بہت خوشی سے کام کیا ھے اور میں نے دیکھا ھے کہ اپنی محنت سے قیدیوں نے چار باؤلیاں تیار کی ھیں - انھوں نے کافی اچھا کام کیا ھے وہ دیکھنے کے قابل ھے - میں کوئی ایسی چیز تو آپ کے سامنے رکھنا نہیں چاھتا کہ محض تعریف ھی تعریف ھو - لیکن میں ضرور یہ چاھتا ھوں کہ آپ سنٹرل جیل جا کر دیکھیں - سکندرآباد جیل جا کر دیکھیں - یہ دیکھنے کے بعد اور اطمینان کرنے کے بعد مجھے یقین ھے کہ آنریبل ممبرس اس معاملہ میں میری تائید کریں گے - اور وہ سمجھینگے کہ ھم نے جو اقدام اٹھایا ھے وہ اچھا اور ترقی کی طرف ھے ...

श्री. गोपिडी गंगारेड्डी (निर्मल आम) :— तालुकेजात मे जो रिमांडज रखे जाते हैं और अुनको जो तकलीफ होती है अुसके बारे में आपने कुछ नहीं बताया ।

شری د.گمبرراؤ بندو - جن لوگوں کو زیردریافت رکھاجاتا ھے ان کے بارے میں . . .

श्री. गोपिडी गंगारेड्डी :— जिन लोगों को तालूकेजात में रखा जाता है अुनके बारे में ।

شری دگمبرراؤ بندو - میں تعلقہ جات کے جیلوں کے بارے میں کہہ رہا ھوں - تعلقہ منصفی میں ھم نے لاک اپس (Lock ups) دئیے ھیں پہلے وہ لاک اپس تحصیل کے تحت تھے - تعلقہ جیل میں اون کو ھی رکھا جاتا ھے جن کے مقدمات چل رھے ھوں - اگر تعداد کافی بڑھ جائے تو ڈسٹرکٹ میں منتقل کیا جاتا ھے - تمام مقامات پر تو اون کے لئے مکان کا انتظام نہیں ھوسکا - لیکن ھر جگہ جس طرح پرووائیڈ (Provide) کیا گیا ھے اسی طرح اونکو بھی پرووائیڈ کیا گیا ھے - بھتہ اور کھانے پینے کی چیزوں میں کوئی فرق نہیں ھے - البتہ بعض جگہوں پر عمارتوں کی تکلیف ھے - اس کے لئے یہ سوچا جارھا ھے کہ عارضی طورپر ھم کیا کرسکتے ھیں -

شری کے۔ایل ۔ نرسمہاراؤ (یلندو۔عام) ۔ ریفارمس آنے کے بعد بھی قیدیوں سے برقنداز سے لے کر آفیسرس تک کے گھروں پر کام لیا جاتا ہے۔

شری دگمبرراؤ بندو ۔ میں نے ایسی شکایت نہیں سنی ہے۔ البتہ کھیتوں پر کام لیا جا تا ہے۔ باؤلیوں پر کام لیا جاتا ہے۔ پانی وغیرہ نکالنے کے لئے۔یا جیل کے برتن اور کپڑے وغیرہ دھونے کا کام لیاجاتا ہے۔

شری کے۔ایل ۔ نرسمہاراؤ۔ آفیسرس ذاتی کاموں کے لئے اون کو آرڈرلی (Orderly) کے طور پر رکھ لئے ہیں۔

شری دگمبرراؤ بندو۔ میرے پاس ایسی کوئی شکایت نہیں ہے ۔

شری اے ۔ راجنیدرا ریڈی ۔ اپوزیشن کے ممبرس میں کوئی نان آفیشیل ویزیٹرس جیلوں کے لئے نہیں لئے گئے اسکی کیا وجہ ہے؟

شری دگمبرراؤ بندو ۔ میں نہیں سمجھتا کہ ایسا ہوسکتا ہے۔ بات یہ ہے کہ دونوں طرف سے اچھی اسپرٹ ہونی چاہیئے ۔ اگر آپ کو ہم پر اعتماد ہے تو ہم کو بھی آپ پر اعتماد ہوسکتا ہے ۔ لیکن ابتداء ہی اس سے ہوتی ہے کہ آپ ہم سے بے بھروسہ رہتے ہیں۔ ایسی صورت میں ہم بھی آپ سے بے بھروسہ رہینگے۔ یہ چیزیں ایک دوسرے پر موقوف ہیں۔ اگر ہم ایک دوسرے کو سمجھ سکیں اور یہ اسپرٹ ہو کہ ہم کس حدتک مل کر کام کرسکتے ہیں تویقیناً ہم بہت آگے بڑھ سکتے ہیں۔ جہاں اختلافات ہوتے ہیں اونکو تو چھوڑ دیجئے۔ لیکن آج حالات ایسے ہیں کہ ہم کئی معاملات میں متفقہ طورپر کام کرسکتے ہیں ۔

ایک اور چیز یہ بھی کہی گئی کہ جیل ڈپارٹمنٹ میں سندھی لوگ ہی ہیں۔ میں نے اس کا جواب پہلے بھی دیا تھا۔مجھے افسوس ہے کہ آپ انکے متعلق اس طرح سے سوچ رہے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایک زمانے میں سندھ کے جیل ڈپارٹمنٹ میں تھے ۔ اور گورنمنٹ آفیسرس تھے۔ اونکی بدقسمتی تھی کہ ملک کی تقسیم ہوگئی اور وہ یہاں آنے کے لئے مجبور ہوگئے۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے جس طرح الگ الگ جگہوں پر اون کو آباد کیا یہاں بھی اون لوگوں کو بھیجا ۔ یہاں پر جیسے حالات پولس ایکشن کے بعد تھے اون کے تحت یہ مناسب سمجھا گیا کہ یہاں پر اونکو ضم کرلیا جائے۔ چنانچہ پبلک سرویس کمیشن کے مشورہ سے اون کو الگ الگ جگہوں پر رکھا گیا ۔ میں اس سلسلے میں یہی کہوں گا کہ ہم کو وسعت دلی کے ساتھ دیکھنا چاہئے ۔ میں هاؤز سے اپیل کرونگا کہ یہ لوگ سندھی ہیں یا پنجابی ہیں اس نقطہ نظر سے نہیں سوچنا چاهئے بلکہ کام کے لحاظ سے معیار کے لحاظ سے اونکی ذاتی قابلیت کے لحاظ سے سوچنا چاهئے ۔ اگر کوئی آدمی نااهل ہے تو ضرور اسکے بارے میں الگ طور پر سوچا جاسکتا ہے۔ محض سندھی ہونے کی بناء پر اون کے خلاف سوچنا یا سمجھنا مناسب نہیں ۔

پولس کے تعلق سے آنربیل ممبرس نے جو سجیشنس رکھے ہیں وہ وہی سجیشنس ہیں جن کے بارے میں حکومت خود بھی غور کررہی ہے ۔ اس وجہ سے جو سجیشنس آئے ہیں میں ان کو ویلکم (Welcome)کرتا ہوں اور خاص کر میرے دوست لیڈر آف دی اپوزشن نے کانسٹیبلس کے تعلق سے جو خیال ظاہر کیا ہے اوسکو ویلکم کرتا ہوں ۔ اس کے پہلے انہوں نے کبھی اونکے متعلق غور نہیں کیا تھا۔ میں اس کی وجہ سے کانسٹیبلس کو بھی قابل مبارکباد سمجھتا ہوں کہ کم از کم آج آنربیل لیڈر آف دی اپوزیشن یہ سمجھنے لگے ہیں کہ وہ بھی انسان ہیں ۔ اون لوگوں کو بھی آسائش کی ضرورت ہے ۔ اونکے لئے بھی کچھ نہ کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ مجھے اونکے اس کہنے سے کافی تشفی ہوگئی ۔

श्री व्ही. डी. देशपांडे :– पिछले वक्त भी मैंने कहा था कि कांस्टेबल्स को बेटर हाउसिंग मिले और उनका पे स्केल भी बेटर हो अैसा कहा था अिसे सिर्फ ज्यादा डिटेल में कहा है ।

شری دگمبر راؤ بندو ۔ دونوں بھی قابل مبارك باد ہیں ۔ ہمیشہ پولیس کے بارے بحث کرتے ہوئے دو تین چیزیں زیادہ کہی جاتی ہیں ۔ ایک تو یہ کہا جاتا ہے کہ وہ لوگ ان افیشنٹ (Inefficient) ہیں ۔ کرپٹڈ (Corrupted) ہیں ۔ انہیں اپوزیشن پارٹیز کو سپرس (Suppress)کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ میں اس سلسلہ میں یہ کہوں گا کہ حکومت کی پالیسی ایک بنیاد پر ہوتی ہے ۔ اگر حکومت کی پالیسی کریٹسیزم (Criticism)کے قابل ہے تو ہاؤز اس پر کھلے طور پر کریٹسیزم کرسکتا ہے ۔ لیکن اگر کوئی آدمی غلط کام کرتا ہے تو اس کی اتنی ذمہ داری ہم پر نہیں ڈالی جاسکتی جتنی کہ ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ اور اس کو ایسا رنگ دیا جاتا ہے کہ پالیسی کے طور پر حکومت نے یہ کام کروایا ہے ۔ جیسا کہ دس آدمیوں میں سے دو آدمیوں نے کوئی غلط کام کیا ہو تو یہ کہنا کہ دس آدمیوں نے یہ کام کیا ہے۔آپ دوسروں پر الزام لگانے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ایسے لوگوں سے آپ یہ کام کراتے ہیں ۔میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہم پر شبہ ہے ۔ ہمارے کیریکٹر پر دھبہ لگانے کی کوشش ہے ۔ حکومت کو ذلیل کرنے کی کوشش ہے ۔ در اصل اگر پولیس کے تعلق سے حکومت حیدرآباد کی یہ پالیسی ہوتی کہ پولیس کے ذریعہ کمیونسٹ پارٹی یا کسی دوسری پارٹی کو دبایا جائے تو ہاؤز جانتا ہے کہ کمیونسٹ پارٹی پر سے جو بیان (Ban)اٹھادیا گیا وہ نہ اٹھتا اور برابر یہی بتا یا جاتا کہ اس بیان کو کنٹینیو (Continue) کرنا چاہیئے ۔ اور جن لوگوں پر مقدمات تھے وہ نہ اٹھائے جاتے ۔ آنربیل ممبرس آف دی اپوزیشن کے ذمہ دار کارکن جانتے ہیں کہ محض ہماری کوشش کی وجہ سے یہ مقدمات اٹھائے گئے ۔ ہم یہ محسوس کررہے تھے کہ ٹیکنیکلی (Technically) تو یہ مقدمات چل سکتے ہیں لیکن ذاتی طورپر میں خود بھی ان مقدمات سے مطمئن نہیں تھا اس لئے ہم نے یہ مناسب نہیں سمجھا کہ بلا وجہ ان لوگوں کو سالہاسال

تک جیلوں میں سڑایا جائے - جو لوگ بوڑھے اور بیمار ہیں ان کی زندگی خواہ مخواہ جیلوں میں ختم کردیجائے - ہم نے اس کے متعلق ہیومینیٹیرین پائنٹ آف ویو (Humanitarian point of view) سے سوچا - چنانچہ بہت سے مقدمات اٹھالئے گئے - ڈیٹینیوز (Detenues) کی حیثیت سے جو لوگ جیلوں میں تھے ان کے جیل سے چھوٹنے کے بعد ان پر آرمس ایکٹ (Arms Act) کے تحت مقدمے چلائے جارہے تھے - لیکن ہم نے یہ مناسب سمجھا کہ چونکہ وہ لوگ پہلے ہی دو ایک سال جیلوں میں رہ چکے ہیں اس لئے ان پر مقدمات چلانا مناسب نہیں - ہمارے اصرار پر گورنمنٹ آف انڈیا نے اس کو تسلیم کیا کہ ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ یہ مقدمات اٹھالئے جائیں - کئی مقدمات ایسے ہیں جن کے بارے میں میں نے یہ کہا تھا کہ کسی معیار پر ان کو جانچنا چاہیئے اس کے بارے میں کوئی اسٹینڈرڈ ہونا چاہیئے - اور بھی کئی ایسے مقدمات ہیں جو وتھڈرا (Withdraw) کرنے کے قابل ہیں یا متعلقہ لوگوں کی رہائی عمل میں لائی جاسکتی ہے ان کے بارے میں بھی سوچا جارہا ہے - اگر حکومت کی یہ پالیسی ہوتی کہ اپوزیشن کو سپرس کیا جائے تو یہ چیزیں نہیں ہوتیں - ہم نے جو کچھ کیا وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے دل میں کوئی چیز نہیں ہے - ہمارے دل بالکل صاف ہیں - ہماری پالیسی سنٹرل گورنمنٹ کی پالیسی ہے - اور پالیسی آتی ہے ان قوانین کے ذریعہ جو اس وقت موجود ہیں - اس لئے نیک نیتی سے ہمارا یہ فرض ہو جاتا ہے کہ جو قوانین ہیں ان پر خود بھی عمل کریں اور دوسروں سے بھی عمل کروائیں - ہم حتی المقدور اسی طرح کی کوشش کررہے ہیں - میں ان کا دعویدار نہیں ہوں کہ ہم اس میں سو فیصدی کامیاب ہوگئے ہیں - بلکہ ہم اس ڈائرکشن میں چلنے کی کوشش ضرور کررہے ہیں - ایک صاحب نے یہ کہا کہ اگر اسی طرح دبانے کی پالیسی جاری رہے تو نتیجہ یہ ہو جائیگا کہ ہوم منسٹر کو ہٹنا پڑیگا - میں ایک چیز صاف کردینا چاہتا ہوں کہ میں ایسا آدمی واقع ہوا ہوں کہ مجھ پر ڈرانے اور دھمکانے کا اثر نہیں ہوتا - اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ محض اس طرح سے ڈرانے سے میں ہٹ جاؤں گا تو یہ بات غلط ہے - البتہ اگر میری پالیسی اور ہاؤز کی پالیسی میں اختلاف ہے اور باوجود اس کے کہ میرا ضمیر صاف ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ٹھیک راستے پر ہوں لیکن ہاؤز اسکو نہیں مانتا اور یہ خیال کرتا ہے کہ یہ آدمی مناسب نہیں تو ایسی صورت میں مجھے یہاں سے نکل جانے میں بالکلیہ کوئی رنج نہیں ہوگا - میں اس معاملہ میں بالکل صاف ہوں - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کیا پالیسی ہے کہ ہر وقت دفعہ (۱۴۴) نافذ کیا جاتا ہے - یہ پالیسی خود کریمنل پروسیجر کوڈ میں موجود ہے - اس کا منشاء یہ ہے کہ ایسے تدابیر اختیار کئے جائیں جن کی وجہ سے کوئی سنگین معاملہ واقع ہونے نہ پائے - انسدادی تدابیر اختیار کرنے کے لئے یہ دفعات وضعات کئے گئے ہیں - کانسٹی ٹیوشن میں مطلق ایسی لبرٹیز (Liberties) نہیں دی گئی ہیں - اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ

Reasonable restrictions for the security of the State, for the maintenance of Public order.

